پی ایس او ترجمان نے شہری انتظامیہ کے اقدام کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا۔ *

پی ایس او ذمہ دار قومی ادارہ ہے- ملک میں 3400 سے زائد ریٹیل آؤٹلیٹس اور 36 سے زائد سٹوریج سائیٹس کے ساتھ کمپنی فیول کی مسلسل فراہمی کو یقینی بناتی ہے۔ پی ایس او تمام سٹوریج سائیٹس پر ایچ ایس ای اور عمومی تحفظ کے انتظامات کو یقینی بناتی ہے۔ پی ایس او کی تمام تنصیبات حادثہ سے بچاؤ کے سسٹمز سے لیس ہوتی ہیں- یہ سسٹمز مروجہ قوانین کے مطابق ہیں جو حادثہ کی صورت میں بچاؤ کے لئے فعال کردار ادا کرتے ہیں۔ وہاڑی میں واقع کمپنی ڈپو کے حوالے سے پی ایس او انتظامیہ متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں ہے۔ پی ایس او نے شہری انتظامیہ کو حفاظتی نقطہ نگاہ سے وہاڑی ڈپو کے گرد ناجائز تجاوزات کے بارے آگاہ بھی کیا۔ سائٹ کی مسلسل بندش کے نتیجے میں شہر اور گردونواح کے اضلاع میں فیول کی کمی خارج از امکان نہیں۔ امید ہے شہری انتظامیہ عوام کے مفاد اور علاقے میں فیول کی مسلسل فراہمی کے لئے، پی ایس او سائٹ کی بندش کو جلد ختم کرے گی